RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۱ ہجری مطابق ۷ مئی سنہ ۱۸۹۴ عیسوی | جلد

فہرست مضامین

نقل ترجمہ انگریزی برگد آرڈر اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم پریزیڈنٹ رامپور واقعہ ۲۹ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

آج صبح بوقت ختم ہونے انسپکشن قواعد پلٹن جو کہ اینجانب نے لیا تھا رجمنٹ مذکور کے بہت سپاہیان نے یہ چاہا کہ اپنی کمان افسری کی نسبت شکایت پیش کریں جو بہت بیقاعدہ اور خود مختارانہ طور پر تھا اور قبل ختم ہونے پریڈ کے غل مچا کر گرے پڑتے تھے ان لوگوں کا چال چلن بدولت کو بالکل ناپسند ہوا لہذا ہدایت کیجاتی ہے کہ اگر ایسا آیندہ ظہور میں آئیگا تو سخت سزا سرسری حکم سے دیجاویگی جو کچھ شکایت صحیح طور پر کیجاویگی اوسکی ہمیشہ تحقیقات ہوا کریگی اور اگر شکایت صحیح معلوم ہوئی تو اوسکا انسداد

کیا جاویگا لیکن ہم بدولت یہ بھی ہدایت کرتے ہین کہ جو شکایت جہوٹ ثابت ہوگی تو شکایت کنندہ کو سخت سزا دیجاویگی احکام ضابطہ جاری ہون اور حسب ضابطہ تعمیل کیجاوے ایک نقل واسطے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

نقل کلام جو اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم مئی سنہ ۱۸۹۴ء

حاضرین دربار مین تمکو اطلاع دیتا ہون کہ آج رپورٹ کورٹ آف انکوائری اون سپاہیان پلٹن کی بابت جنہون نے شنبہ گذشتہ کو مفسدہ برپا کیا میری ملاحظہ مین آگئی اس رپورٹ پر مین پورا غور کرونگا۔ اور عدالت کا آخری حکم کل فوج کو بروز سہ شنبہ آیندہ کو سنایا جائیگا۔ مین تم کل فوج کے ملازمین کی توجہ اوس حکم کیطرف دلاتا ہون جو بریگیڈ آرڈر مین بتاریخ ۲۸ اپریل جاری ہوا ہی۔ دربارہ طریقہ پیش کرنے شکایات کے شکوکی استغاثہ سنا جاویگا اور نہ عرضی لیجائیگی تاوقتیکہ وہ ماتحتانہ طریقہ اور ضابطہ سے۔ ملازم فوج اپنے متعلق فوج کے کمانڈر نٹ کے ذریعہ سے نہ پیش کیجاوے۔ کمانڈر نٹ فوج کا کام ہی کہ ایسی عرضیات جو گذرانی جاوین ہمارے پاس بھیجے علاوہ اون عرائض کے جو گمنام ہون۔ ہم کل فوج کو آگاہ کرتے ہین کہ اگر کوئی تحقیقات عرضی یا شکایت جہوٹی ثابت ہوگی تو عرضی دہندہ کے ساتھ ہم بہت سختی سے پیش آئین گے۔ اینجانب کو معلوم ہی کہ مفسدہ پردازی باغوای چند اشخاص جنہین ہم جانتے ہین کیگئی ہی اور اس غرض کیلیے جابجا جلسے اور مشورے ہوتے ہین۔ لہذا ہم کل فوج کو آگاہ کرتے ہین کہ یہ شورش و مفسدہ پردازی اگر فوراً اور بالکل نہ رفع ہوگی تو اینجانب برٹش گورنمنٹ سے واسطے امداد کے فوج بھیجنے کی درخواست کرینگے اور نیز وہ فوج اوس عرصہ تک ایسپر رکھی جائیگی جبتک کہ رامپور کی فوج احمقانہ طور پر ایسے اطوار سے باز نہ آئی اور اگر اوسوقت بھی خیالات فاسد ملازمان پلٹن کے دلوان مین باقی جائین گے تو ہم گورنمنٹ سے ایک برٹش افسر کیلیے درخواست کرینگے جو بمعیت لفٹنٹ عبد اللطیف خان کے پلٹن کی کمانڈری کا اینجانب نے جو کچھ اسوقت کہا اوسے کل فوج کو غور سے سننا چاہیے اور اوسپر عمل کرنا چاہیے۔ اگر پلٹن کے لوگ ہمارے حکم پر عمل نکرینگے اور اس مفسدہ سے باز نہ آئین گے تو ہمکو قطعی انگریزی فوج بلانے کے لیے درخواست کرنا ہوگی کیشن افسران و نان کمشنڈ افسران کو لازم ہی کہ وہ اینجانب کے حکم مذکورالصدر سے جو جنرل آرڈر مین شائع ہوگا کل اپنے اپنے ماتحتان کو مطلع کردین اور جو کچھ اینجانب نے اسوقت کہا ہے وہ بہت ضروری اور مناسب تھا لہذا جملہ ملازمان فوج کو اوسپر پورا دہیان دینا چاہیے۔ حکم ہوا کہ ایک ایک نقل پاس افسران فوج کے مرسل ہو اور ایک نقل مطبع کو برائے اندراج گزٹ مرسل ہو۔ (حکم تحریر کچہریان جم الیس کی بعد چھاپا جاے)

نقل حکم اجلاس کاونسل واقع ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

آج میٹنگ کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ مبلغ چھ روپیہ ماہانہ پنشن بنام محمد حسن خان داروغہ ڈیوڑھی بتاریخ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے مثل بنابر اجرا احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور صاحب پریزیڈنٹ بہادر — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب ممبر مال بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حسب حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری اور بخشی فوج و اہلمد ملازمان کو

اطلاع عدیجاوے - ۲۶ / اپریل ۱۸۹۴ء
(دستخط)

نقل حکم اجلاس کامل واقع ۲۳ / اپریل ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی ہر دو حکم صدورہ سابقہ ملاحظہ کئے گئے بعد ملاحظہ احکامات سابقہ اب کونسل سے بالاتفاق تجویز کیجاتی ہے کہ جو ملازم فوج رامپور سے باہر کے باشندہ ہیں ان کو گیارہ مہینے کام کرنیکے بعد ایک ماہ کی رخصت رعایتی ملسکتی ہے - مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو -

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

احکام اطلاعی ضابطہ حسب تجویز کونسل جاری ہون -

۲۶ / اپریل ۱۸۹۴ء
(دستخط)

نقل حکم اجلاس کامل واقع ۲۳ / اپریل ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی معروضہ بخشی فوج سے ملازمت غلام عباسخان صوبیدار وردی میجر کی بہت پیرانی پائی جاتی ہے لہذا کونسل سے تجویز ہوئی کہ حسب قاعدہ فوجی مبلغ عشر روپیہ ماہانہ نامبردہ کو پنشن دیجاوے اور بنظر پرورش و پرداخت مشار الیہ مبلغ پانچ روپیہ ماہانہ صیغہ مصرف خیر نامبردہ کا مقرر کیا جاوے مثل بنا بر اجراے احکام پنشن باجلاس صاحب مدار المہام بہادر مرسل ہو اور نقل و یاد داشت بنا بر اجرای احکام تنخواہ معترره بصیغہ مصرف خیر بہ پیشگاہ حضور پرنور دام اقبالہم مرسل ہو ۱۲ / اپریل ۱۸۹۴ء

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر -

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری ہون اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع عدیجاوے - ۲۰ / اپریل ۱۸۹۴ء
(دستخط)

نقل حکم اجلاس کامل واقع ۲۸ / اپریل ۱۸۹۴ء

بابو راج بہادر دیوانِ صدر کا کام پسندیدہ ہوا لہذا حسب تحریک صاحب ریونیو ممبر بہادر من ابتدای ۲۳ / اپریل سے حال میں دس روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ دیوانِ صدر کی مقرر کی گئی

نقل حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
رخصت

حسب درخواست منصرم نزول رخصت پندرہ روز بعوض جمعدار گرداور آبکاری بوجہ ضرورت درستی مکان منظور ہوئی -

۲۱ / اپریل ۱۸۹۴ء

نقل حکم صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نسبت موقوفی محب علی کانسٹبل اسٹیشن ملک پور بقصور غیر حاضری

محب علی کانسٹبل کو انسپکٹر صاحب حلقہ نے پیش کر کے شکایت عادی غیر حاضری کی اور عرض کیا کہ پہلے یہ کانسٹبل جمعداری سے برخاست ہو گیا تھا لہذا حسب شکایت انسپکٹر صاحب حلقہ یہ کانسٹبل موقوف کیا گیا نقل حکم ہذا واسطے درج گزٹ پاس سررشتہ دار صاحب صدر مرسل ہو تا بعد شایع گزٹ آئندہ کسی کارخانجات وغیرہ میں وہ کانسٹبل موقوف شدہ روزگار کا مستحق نرہے -

مورخہ ۲۴ / اپریل ۱۸۹۴ء
(دستخط)

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو - ۹ / اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ملک منعقدہ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

منشی محمد سعد اللہ خانصاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی محمد ولی مظفر خانصاحب سکرٹری کمیٹی

اسماء شرکار جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین
ا- منشی وصی الدین محرر صفائی ممبر - حکیم عباس علی ممبر -	لالہ شنبر دیالی وکیل ممبر - قاضی علی حسین سکنہ کہاتہ ممبر - نبی خان ٹھیکہ دار ممبر -

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) چاہات خام وپختہ اندر آبادی ملک کہاتہ کا پانی نہایت خراب گیا ہے جس سے احتمال بیماری ہے انتظام صفائی فرمایا جاوے -	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ہمیشہ سے صفائی چاہات فراہمی چندہ اہل محلہ سے ہوا کرتی ہے لہذا بموجب گذشتہ و پیوستہ کے انتظام صفائی چاہات معرفت محرر صفائی بفراہمی چندہ اہل محلہ کرا دیجاوے - صاحب صدر نشین نے منظور فرمایا -
(۲) عرضی ہوری لال کاتیہ سکنہ ملک نسبت تیاری دیوار مکان بوجہ منہدم ہوجانے دیوار مذکور گذرانی -	چونکہ صاحب سکرٹری کمیٹی نے اس موقع کا معائنہ کیا ہے اور کوئی قباحت دیوار مکان کی تعمیر ہونے میں پائی نہیں جاتی کیونکہ دیوار مکان مذکور قدیم جگہ پر ہے لہذا تجویز ہوا کہ سائل دیوار مکان تعمیر کرالیوے - صاحب صدر نشین نے بھی منظور فرمایا -
(۳) عرضی رام دیال بقال دربارہ اجازت تعمیر دیوار بوجہ منہدم ہوجانے کے جو بیچ کا جانب پورب ہے گذرانی -	معائنہ موقع سے واضح ہوا کہ سائل نے قریب نصف گز کے دیوار بڑھا کر بنیاد قائم کی ہے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ سائل کو ہدایت کیجاوے اصلی جگہ جہاں سابق میں دیوار قائم تھی بنیاد قائم کرکے اندر سرکاری

	زمین بنیاد میں ڈالی ہے وہ معرفت محرر صفائی کے پھنکوا دی جاوے صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا۔
(۴) [illegible] گندگی باہر کا لوگ جہاں [illegible] زمین کنگی ہر جگہ نہیں ڈالتے اور اندر آبادی کے ڈالتے ہیں اسکے بارہ میں تجویز ہونا چاہئے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ہر دو خاکروبانکو طلب کر کے صاحب سکرٹری ہدایت کر دیں کہ آئندہ کو احتیاط کریں اور گندگی ہرگز اندر آبادی کے نہ ڈالیں اگر آئندہ کوئی شکایت ہوگی تو جرمانہ سخت کے مستوجب ہونگے صاحب صدر نشین نے بھی منظور فرمایا۔
(۵) قصبہ [illegible] میں متصل مکان جوالا پرشاد و نبی ٹھیکہ دار وغیرہ کے ایک کنواں ہے جسکا چبوترہ نہیں ہے اور بوجہ نہ ہونے چبوترہ کے کیچڑ راستہ میں رہتی ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ قاضی علی حسین ممبر ایک فرد تخمینہ چبوترہ تیار کر کے کمیٹی آئندہ میں پیش کریں بعد کو تجویز مناسب ہوگی صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا۔

دستخط نائب تحصیلدار و سکرٹری کمیٹی

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای یکم لغایت ۶ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل فوتی					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	بخار	[illegible]	میزان	
شہر رامپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۳	۲۱	۵	۲۲	۵۱	۸	۴۳	۱۲	۹	۱	۱	۲۴	۱۲	۲۷	۲۲	۰	۳۹	.	.	۵۸	۱	۵۹	.
بلک	۳	۷	۱۱	۱۴	۳۵	۱۳	۲۱	۶	۴	.	۰	۱۱	۱۴	۲۷	۲۱	۹	۲۹	.	.	۲۰	۱۸	۳۸	.
سوار	۱۳	۳	۱۵	۳	۳۴	۲۸	۶	۲	۴	۱	.	۱۸	۶	۲۱	۱۰	۲۱	۱۰	.		.	۳۱	۳۱	.
بلاسپور	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۷	۱۹	۴	۱۳	۴۳	۱۱	۳۲	۶	۳	۵	۳	۱۰	۷	۲۱	۱۳	۸	۲۶	۱	.	۱	۳۲	۳۳	.
میزان	۴۶	۵۰	۳۵	۵۲	۱۶۳	۶۱	۱۰۲	۲۶	۲۰	۷	۴	۶۳	۴۲	۹۶	۶۶	۴۸	۱۱۳	۱	۰	۷۹	۸۲	۱۶۲	.

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای یکم لغایت ۶ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	بلک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	.	۱۷ ار	.	۱۸ ار	۱۷ ار	.	
نخود خالص	.	.	.	۲۴ ار	۲۵ ار	.	حضور تحصیل و بلک و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود کسر آمیز	.	۲۵ ار	.	۲۸ ار	۳۰ ار	.	
کسنہ	.	.	.	.	.	.	
ماش	.	۱۵ ار	.	.	۱۶ ار	.	
مونگ	.	۱۵ ار	.	.	.	.	
مکا	.	.	.	.	.	.	
چنی	.	۲۷ ار	.	ر۵ ار یکمن	۳۲ ار	.	
گوجنی	.	۲۰ ار	.	یکمن	۲۲ ار	.	
چکس	.	۲۲ ار	.	۳۰ ار	۲۵ ار	.	
ارہر	.	۲۲ ار	.	۳۰ ار	.	.	
برنج	.	۱۰ ار	.	۲۵ ار	۱۰ ار	.	
روغن زرد	.	۱۱ ار	.	۱۱ ار	سلا ار	.	
روغن سیاہ	.	۳ ار	.	سلا ار	۳ ار	.	
روغن گند	.	۲ ار	.	.	.	.	
نمک سانبھر	.	۸ ار	.	.	۹ ار	.	
نمک لاہوری	.	۶ ار	.	۸ ار	۹ ار	.	
قند سیاہ	.	۱۰ ار	.	۱۰ ار	۱۳ ار	.	

مطبوعہ مطبع سرکاری پریس ریاست رامپور